## پیٹرولیم کی مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ فی الفور واپس لیا جائے، الطاف حسین
## غریب عوام پہلے مہنگائی کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں اوران کے لئے روزمرہ کی اشیاء کا حصول مشکل ہو چکا ہے
## پیٹرولیم کی مصنوعات میں حالیہ اضافہ کے اثرات براہ راست غریب عوام پر مرتب ہوں گے

لندن۔۔۔3،مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے پیٹرولیم کی مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ کی سخت ترین الفاظ میں مذمت کی ہے اور مطالبہ کیا ہے کہ پیٹرولیم کی مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ فی الفور واپس لیا جائے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے کہا کہ پاکستان کے غریب عوام پہلے مہنگائی کے بوجھ تلے دبے ہوئے ہیں اوران کے لئے روزمرہ کی اشیاء کا حصول مشکل ہو چکا ہے۔غریب، مہنگائی اور بے روزگاری کے باعث غریب عوام نہ صرف اپنے بچوں سمیت خودکشی کرنے پر مجبور ہیں بلکہ اپنے بچوں کو بھی فروخت کررہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ پاکستان میں مہنگائی آسمان سے باتیں کررہی ہے اور پیٹرولیم کی مصنوعات میں حالیہ اضافہ کے اثرات براہ راست غریب عوام پر مرتب ہوں گے، اضافہ سے ٹرانسپورٹ کے کرائے اور روزمرہ استعمال کی اشیاء کی قیمتوں میں مزید اضافہ ہوگا جس کے باعث غریب عوام کیلئے زندہ رہنا مشکل ہوجائے گا۔جناب الطاف حسین نے حکومت سے مطالبہ کیا کہ پیٹرولیم کی مصنوعات کی قیمتوں میں اضافہ فی الفور واپس لیا جائے اور ملک بھر کے عوام کو مہنگائی کے بوجھ تلے دبانے کا سلسلہ بند کیا جائے۔

## واشنگٹن میں ڈاکٹر فاروق ستار کی رچرڈ ہالبروک اورڈیوڈ لپٹن سے ملاقاتیں
## پاکستان کودرپیش مسائل کے حل کے پاکستانی مصنوعات کی امریکی منڈیوں تک رسائی اشد ضرورت ہے، ڈاکٹر فاروق ستار
## پاکستان کے موجودہ مسائل کا حل صرف اورصرف متوسط طبقے کی حکمرانی میں مضمر ہے، رچرڈ ہالبروک

واشنگٹن۔۔۔3،مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی کے ڈپٹی کنوینر اوروفاقی وزیر برائے سمندر پار پاکستانی ڈاکٹر فاروق ستار نے واشنگٹن میں امریکی وزارت خارجہ کے خصوصی نمائندے برائے افغانستان اور پاکستان رچرڈ ہالبروک(Richard Holbrook)، امریکی صدر کے معاون خصوصی ڈیوڈ لپٹن(David Lipton) اوروزارت خارجہ کے دیگر اعلیٰ حکام سے ملاقاتیں کیں۔اس موقع پرایم کیوایم امریکہ اورکینیڈا کے نگراں عبادرحمان بھی انکے ہمراہ تھے۔رچرڈ ہالبروک نے ایم کیوایم کے وفد کا استقبال کیا۔رچرڈ ہالبروک سے ون ٹو ون ملاقات ایک گھنٹہ تک جاری رہی جس کے دوران پاکستان کی موجودہ سیاسی ومعاشی صورتحال، پاکستان کی سلامتی کو درپیش داخلی وخارجی خطرات، پانی وبجلی کے بحران سمیت دیگر مسائل، پاکستان میں غریب ومتوسط طبقہ کی حکمرانی کیلئے ایم کیوایم کی جدوجہد اور باہمی دلچسپی کے دیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ڈاکٹر فاروق ستار نے رچرڈ ہالبروک سے گفتگو کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان اوراس کے عوام کو درپیش تمام مسائل کے حل کے سلسلے میں امریکی تعاون کے ساتھ ساتھ امریکہ میں پاکستانی تجارت کو فروغ دینے اور پاکستانی مصنوعات کی امریکی منڈیوں تک رسائی دینے کی اشد ضرورت ہے۔ڈاکٹر فاروق ستار نے رچرڈ ہالبروک اوروزارت خارجہ کے دوسرے ذمہ داران کوامریکہ میں مقیم پاکستانیوں کی افادیت سے آگاہ کرتے ہوئے کہا کہ ایک جانب امریکی نژاد پاکستانی امریکی معیشت میں اپنا کردار پوری ذمہ داری کے ساتھ ادا کررہے ہیں اوردوسری جانب وہ پاکستان کی معیشت کو مضبوط کرنے کیلئے بھی ہرممکن تعاون کررہے ہیں۔رچرڈ ہالبروک اوروزارت خارجہ کے دوسرے حکام نے ایم کیوایم کے مڈل آرڈر کی حکمرانی کے فلسفے سے مکمل اتفاق کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کے موجودہ مسائل کا حل صرف اورصرف متوسط طبقے کی حکمرانی میں مضمر ہے۔ دریں اثناء ڈاکٹر فاروق ستار نے امریکی صدر کے معاون خصوصی ڈیوڈ لپٹن اوروزارت خارجہ کے دیگر اعلیٰ حکام سے بھی ملاقاتیں کیں۔ان ملاقاتوں میں پاکستان کی مجموعی سیاسی ومعاشی صورتحال اوردیگر امور پر تبادلہ خیال کیا گیا۔ڈاکٹر فاروق ستار نے ملاقات کے دوران بات چیت کرتے ہوئے کہا کہ پاکستان کو درپیش معاشی بحران سے نکالنے کیلئے امریکہ کو بھرپور کردار ادا کرنا چاہئے۔

## دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی قربانیاں بے مثال ہیں جسے امریکہ یا دنیا کا کوئی ملک نظرانداز نہیں کرسکتا۔
## سابق سٹی ناظم کراچی سید مصطفےٰ کمال
## پاکستان نے صرف خطہ ہی کو نہیں بلکہ دنیا کو دہشت گردی سے محفوظ رکھنے اور امن کیلئے بیش بہا قربانیاں دی ہیں
## دہشت گردی کے اسباب کو ختم کرنے کیلئے پاکستان اور افغانستان میں گڈ گورننس ضروری ہے
## حقیقی جمہوری معاشرے کے قیام کیلئے ضروری ہے کہ فیوڈل سسٹم کا خاتمہ ہو اور غریب اور مڈل کلاس عوام کی حکمرانی ہو
## واشنگٹن میں ممتاز امریکی تھنک ٹینک'' یونائٹڈ اسٹیٹس انسٹی ٹیوٹ آف پیس'' کے زیر اہتمام منعقدہ فورم سے خطاب

واشنگٹن۔۔۔3 مئی 2010ء

سابق سٹی ناظم کراچی اور ایم کیو ایم کی رابطہ کمیٹی کے رکن سید مصطفےٰ کمال نے کہا ہے کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی قربانیاں بے مثال ہیں جسے امریکہ یا دنیا کا کوئی ملک نظرانداز نہیں کرسکتا۔انہوں نے یہ بات واشنگٹن میں ممتاز امریکی تھنک ٹینک'' یونائٹڈ اسٹیٹس انسٹی ٹیوٹ آف پیس '' ( United States Institute of Peace ) کے زیر اہتمام منعقدہ فورم سے خطاب کرتے ہوئے کہی۔فورم کے میزبان انسٹی ٹیوٹ کے پاکستان اور افغانستان ورکنگ گروپ کے ڈائریکٹر جے الیگزینڈر تھیئر (J Alexander Thier ) تھے۔فورم میں کئی امریکی پروفیسرز،صحافی اور دیگر تھنک ٹینک کے ارکان بھی شریک تھے۔مصطفےٰ کمال نے فورم سے اپنے خطاب میں کہا کہ دہشت گردی ایک عالمی مسئلہ بن چکی ہے اور پوری دنیا آج اس سے نبرد آزما ہے۔انہوں نے کہا کہ پاکستان دہشت گردی کے خلاف جنگ میں فرنٹ لائن اسٹیٹ ہے، پاکستان نے صرف خطہ ہی کو نہیں بلکہ دنیا کو دہشت گردی سے محفوظ رکھنے اور امن کیلئے بیش بہا قربانیاں دی ہیں، پاک فوج ،دیگر سیکورٹی فورسز اور پولیس کے ہزاروں افسروں اور جوانوں نے اس جنگ میں اپنی جانیں دیں اور آج بھی دے رہے ہیں۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں پاکستان کی ان بے مثال قربانیوں کو دنیا نظرانداز نہیں کرسکتی۔انہوں نے کہا کہ دہشت گردی کے خلاف جنگ میں جہاں فوجی طاقت استعمال کی جارہی ہے وہیں اس جنگ کو کامیاب بنانے اور دہشت گردی کے اسباب کو ختم کرنے کیلئے پاکستان اور افغانستان میں گڈ گورننس ضروری ہے۔انہوں نے مزید کہا کہ پاکستان میں ایک حقیقی جمہوری معاشرے کے قیام کیلئے ضروری ہے کہ ملک سے فیوڈل سسٹم کا خاتمہ ہو اور 98 فیصد غریب اور مڈل کلاس عوام کی حکمرانی ہو۔انسٹی ٹیوٹ کے ڈائریکٹر جے الیگزینڈر تھیئر نے دہشت گردی کے خلاف جنگ کے حوالے سے سابق سٹی ناظم مصطفےٰ کمال کے خیالات سے اتفاق کیا اور پاکستان میں صحیح جمہوری اور لبرل معاشرے کے قیام اور سوشل سیکٹر میں ایم کیو ایم کے نمائندوں کی خدمات کو سراہا۔

## ایم کیو ایم کی پرامن اور پالیسی کے باعث ملک کا استحکام مضبوط اور جمہوریت پروان چڑھ رہی ہے،حق پرست سینیٹرز
## الطاف حسین کی قیادت میں ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقے کی حکمرانی کا خواب ضرور شرمندہ تعبیر ہوگا

کراچی۔۔۔3 مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کے حق پرست سینیٹرز نے کہا ہے کہ ایم کیو ایم کی پرامن اور پالیسی ملک کن استحکام اور مضبوطی کی ضمانت ہے جس سے جمہوریت پروان چڑھ رہی ہے۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم پرامن جمہوری جماعت ہے جو جیو اور جینے دو کی پالیسی پر عمل پیرا ہے اور چاہتی ہے کہ ملک بھر میں اس کے جمہوری حق کو تسلیم کیا جائے۔انہوں نے کہا کہ تمام تر سازشوں کے باوجود آج بھی قائد تحریک جناب الطاف حسین کی ولولہ انگیز قیادت میں ایم کیو ایم کی پرامن جدوجہد جاری ہے اور یہی وجہ ہے کہ ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقے کے عوام خواں وہ کسی بھی قومیت اور مذہب یا برادری سے تعلق رکھتے ہوں ایم کیو ایم کے پرچم تلے متحد ہوچکے ہیں۔انہوں نے کہا کہ ملک کے ہر اہم ایشو پر ایم کیو ایم ہی واحد سیاسی جماعت ہے جس نے عوامی امنگوں اور خواہشات کا احترام کیا جبکہ دیگر جماعتیں اپنے مفادات کے حصول کی دوڑ میں لگی ہوئی ہیں۔انہوں نے کہا کہ ایم کیو ایم کسی کے جمہوری اور سیاسی حق پر نہ تو قدغن لگارہی ہے اور نہ ہی اس عمل پر یقین رکھتی ہے،ایم کیو ایم جمہوریت کے ذریں اصولوں پر شروع دن سے ہی عمل پیرا ہے اور انشاءاللہ جمہوریت کے استحکام اور ملک وقوم کی ترقی وخوشحالی کیلئے مستقبل میں بھی عوامی خواہشات اور امنگوں کا احترام یقینی بنائے گی۔حق پرست سینیٹرز نے کہا کہ ایم کیو ایم کو ملک بھر میں غریب ومتوسط طبقے کی آواز قرار دیا جارہا ہے اور جناب الطاف حسین کی قیادت میں ملک بھر میں غریب ومتوسط طبقے کی حکمرانی کا خواب ضرور شرمندہ تعبیر ہوگا۔

## پنجاب کنونشن کی کامیابی ایم کیوایم کی کامیابی نہیں بلکہ یہ 98فیصد غریب ومتوسط طبقے کے عوام کی فتح ہے،شعبہ خواتین
## خواتین کی پنجاب کنونشن میں بھرپور شرکت غریب ومتوسط طبقے کے انقلاب کی جانب ایک ٹھوس اشارہ ہے

کراچی۔۔۔3،مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ شعبہ خواتین نے کہا ہے کہ پنجاب کے غریب ومتوسط طبقے کے عوام فرسودہ جاگیردارانہ، وڈیرانہ اور سردارانہ نظام کے تسلط سے آزاد ہونے کیلئے ایم کیوایم کے موقف سے متفق ہو چکے ہیں اور گزشتہ دنوں صوبہ پنجاب کے مختلف شہروں میں ہونے والے پنجاب کنونشن کی فقید المثال کامیابی فرسودہ نظام کے خاتمے کیلئے اہم سنگ میل ثابت ہوگئیں۔اپنے مشترکہ بیان میں انہوں نے کہا کہ پنجاب کی خواتین نے پنجاب کنونشن میں بھرپور تعداد میں شرکت کی جو غریب ومتوسط طبقے کے انقلاب کی جانب ایک ٹھوس اشارہ ہے کیونکہ کسی بھی حق پرستی کی تحریک میں خواتین کی موجودگی اس تحریک کی کامیابی کی ضمانت ہے۔انہوں نے کہا کہ خواتین نے معاشرے میں اہم کردار ادا کیا ہے اور ایم کیوایم نے پنجاب بھر کی خواتین کو حق پرستی کا جو پلیٹ فارم فراہم کیا ہے وہ اس پلیٹ فارم سے اپنے حقوق اور مظلوم عوام کے حقوق کی جدوجہد میں بڑھ چڑھ کر حصہ لے رہی ہیں۔انہوں نے کہا کہ وہ دن دور نہیں جب پنجاب سمیت ملک بھر سے فرسودہ نظام ختم ہوگا اور ملک بھر کے عوام اور خواتین کو ان کے جائز حقوق میسر آجائیں گے۔شعبہ خواتین نے کہا کہ پنجاب میں ہونے والے کنونشن کی کامیابیاں صرف ایم کیوایم ہی کی کامیابی نہیں ہے بلکہ یہ ملک بھر کے غریب ومتوسط طبقے کے عوام کی فتح ہے اور انشاءاللہ غریب ومتوسط طبقے کی قیادت کا سورج جلد طلوع ہوگا اور ملک سے 2فیصد مراعات یافتہ طبقے کی حکمرانی کا خاتمہ ہوگا۔

## ایم کیوایم برنس روڈ سیکٹر یونٹ 35 کے کارکن عبدالباسط کی والدہ محترمہ زلیخاں بی بی اور سینئر صحافی محبوب علی کے انتقال پر رابطہ کمیٹی کا اظہار تعزیت

کراچی۔۔۔3،مئی 2010ء

متحدہ قومی موومنٹ کی رابطہ کمیٹی نے ایم کیوایم برنس روڈ سیکٹر یونٹ 35 کے کارکن عبدالباسط کی والدہ محترمہ زلیخاں بی بی اور سینئر صحافی محبوب علی کے انتقال پر گہرے دکھ اور افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک تعزیتی بیان میں رابطہ کمیٹی نے مرحومین کے تمام سوگوار لواحقین سے دلی تعزیت وہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔رابطہ کمیٹی نے دعا کی کہ اللہ تعالیٰ مرحومین کو جنت الفردوس میں اعلیٰ مقام عطا فرمائے اور سوگواران کو یہ صدمہ برداشت کرنے کا حوصلہ عطا کرے۔(آمین)

## پاکستان پیپلز پارٹی کے رہنماء میر بابل جان شاہوانی، بلوچستان کی اہم شخصیات اور بلوچ رہنماؤں
## کا اپنی برادری اور ساتھیوں سمیت ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان

کوئٹہ۔۔۔3،مئی 2010ء

بلوچستان کی اہم شخصیات اور بلوچ رہنماؤں کی اپنی برادری اور ساتھیوں سمیت ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرلی۔ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرنے والوں میں پاکستان پیپلز پارٹی کے سابق رکن وبلوچ نوجوان قبائلی وسماجی وسیاسی رہنماء میر بابل جان شاہوانی نے ایم کیوایم کے قائد جناب الطاف حسین کے فکروفلسفے،ایم کیوایم کی پالیسیوں اور حق پرستانہ جدوجہد سے متاثر ہوکر اپنے 30 سے زائد ساتھیوں سمیت ایم کیوایم میں شمولیت کا اعلان کیا ہے،یہ اعلان انہوں نے پیر کے روز کوئٹہ پریس کلب میں پرہجوم پریس کانفرنس سے خطاب کرتے ہوئے کیا۔پریس کانفرنس میں ایم کیوایم بلوچستان آرگنائزر یوسف شاہنوانی،اراکین انور ترین،ڈاکٹر ارباب عبدالغنی کانسی اور انتظار حسین کے علاوہ کوئٹہ ڈسٹرکٹ کے آرگنائزر و اراکین بھی موجود تھے۔دریں اثناء ڈیرہ مراد جمالی گرانی بلوچ قبائل کے رہنماء اسداللہ گرانی نے اپنی پوری برادری سمیت ایم کیوایم میں شمولیت اختیار کرلی ہے۔وہ گزشتہ روز بلوچستان کے ضلعی دفتر نصیرآباد میں متحدہ قومی موومنٹ کے ضلعی آرگنائزر و اراکین ضلعی کمیٹی سے ملاقات کے بعد میڈیا سے گفتگو کررہے تھے۔

## سولجر بازار بم دھماکہ میں ایم کیوایم اقلیتی کارکن سنیل زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسے، الطاف حسین اور رابطہ کمیٹی کا اظہار افسوس

کراچی۔۔۔3مئی2010ء

گزشتہ روز کراچی کے علاقے سولجر بازار میں بم دھماکے میں شدید زخمی ہونے والے ایم کیوایم سولجر بازار یوسی 13 کے اقلیتی کارکن 21 سالہ سنیل ولد پرشوتم زخموں کی تاب نہ لاتے ہوئے چل بسے۔مرحوم ہندو پاڑہ کے ایم سی کمپاؤنڈ سولجر بازار نمبر 3 جمشید ٹاؤن کے رہائشی تھے اور سولجر بازار میں ہونے والے بم دھماکہ میں شدید زخمی ہوگئے تھے اور دوروز سول اسپتال میں انتہائی نگہداشت کے وارڈ میں زیرعلاج تھے کہ گزشتہ رات ان کی طبیعت خراب ہوگئی اور ڈاکٹرز کی تمام تر کوششوں کے باوجود جانبر نہ ہوسکے۔

دریں اثناء متحدہ قومی موومنٹ کے قائد جناب الطاف حسین نے سولجر بازار بم دھماکہ میں زخمی ہونے والے ایم کیوایم کے اقلیتی کارکن سنیل کی ہلاکت پر دلی افسوس کا اظہار کیا ہے۔ایک بیان میں جناب الطاف حسین نے مرحوم کے سوگوار لواحقین سے ہمدردی کا اظہار کرتے ہوئے انہیں صبر کی تلقین کی۔علاوہ ازیں ایم کیوایم کی رابطہ کمیٹی اور ایم کیوایم کی اقلیتی امور کمیٹی کے ارکان نے بھی سولجر بازار بم دھماکہ میں سنیل کی ہلاکت پر افسوس کا اظہار کیا ہے۔

☆☆☆☆☆